Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

https://crazyfansofnovel.com/

fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے تم سے محبت ہے

از قلم

میشا حیدر

ہر طرف جگ مگ کرتیں لائیٹس لگیں تھیں اندر گانو کی آواز آرہی تھی جس سے یہ بات ظاہر تھی کہ شادی کا سماں ہے مہندی کی رات دلہے والے آچکے تھے اندر رسم شروع ہوچکی تھی ولاۓ حیدر اپنے کزن علی داؤد کے ساتھ باہر مہمانوں کو خوش آمدید کہہ رہا تھا کالے رنگ کا کرتا شلوار ساتھ پیلے رنگ کا پٹکا پہنے وہ بہت جچ رہا تھا اس کی آنکھوں میں نمی تھی پر وہ اپنی بہن کی شادی کے لیے تھی یا کسی کے آنے کی امید تھی اسے یہ وہ خود بھی نہ جانتا تھا پر دل ہی دل میں اس کے آنے کے لیے دعائیں مانگ رہا تھا کہ کاش وہ اسے ان چار سالوں بعد دوبارہ نظر آجاۓ.

علی اس کے دل کے حال سے واقف تھا وہ جانتا تھا کہ وہ آج بھی اس کے انتظار میں ہے.

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

اک کالی رنگ کی لینڈ کروزر ہال کے پارکنگ ایریا میں آکے روکی اس نے گاڑی کا ڈور کھولا اور وہ باہر نکلی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کالے رنگ کا لہنگا اس پر کالے رنگ کی چولی جس پر گولڈن بھارا سا دوپٹا کیے وہ کوئی آپسرا الگ رہی تھی.

کالے لمبے بال کرل کیے سیٹ تھے ماتھے پہ ٹیکا سجائے وہ اس بات کی مکمل عکاسی کر رہی تھی کہ وہ دولہے کی فرسٹ کزن تھی وہ گولڈن ہائی ہیلز پہنے ہاتھ میں گولڈن کلچ اٹھائے وہ مغرورانہ انداز میں ہال میں داخل ہوئی.

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

علی کہ نظر اس پہ پڑی تو اس نے ولائے کو بتایا:

"مالا حسن ولائے تمہاری مالا"

ولائے نے دروازے کی طرف دیکھا اور دیکھتا ہی رہ گیا جہاں وہ اپنی چاچا زاد بہن سے کھڑی باتیں کر رہی تھی

ولائے کی آنکھوں کے آگے کی منظر دوڑ گئے اس کے کانو میں مالا کی آواز گونجی

"ولائے اللہ کرے تمہیں کسی سے محبت ہو اور تم کو وہ محبت کبھی نہ ملے"

ولائے کی آنکھیں بھر آئیں اس نے اس بات کو شدت سے محسوس کیا کہ وہ بدل گئی اور بہت بدل گئی.

"صبا نے اسے حیرت سے دیکھتے کہا" مالا یار تم کتنی بدل گئی ہو کیسے یار

"مالا نے شرارت بھرے انداز میں کہا" کدھر بدل گی میں پاگل

ساتھ مالا ہنس دی ہنستے ہنستے اس کی نظر ولائے پہ پڑے جو اسے نہ جانے کب سے دیکھ رہا تھا اسکو دیکھنے کہ بعد

اسے ساری آوازیں آنی بند ہو گئیں مگر اس نے جلد ہی خود کو اس حصار سے باہر نکالا

اسے یاد تھا شاید سب کچھ مگر اس نے بھولنے کی بھرپور اکٹنگ کی اور شاید وہ کامیاب بھی ہو گئ.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....

مالا سبز رنگ کا بڑا گھیرے والا پاؤں تک آتا فراک پہن رکھا تھا نیچے پلین جوتے پہنے کانوں میں جھومکے لمبے گھنے بالوں کی چوٹیا بنائے ہوئے وہ پھولوں کی پلیٹ ہاتھ میں پکڑے نظر لگ جانے کی حد تک پیاری لگ رہی تھی چہرے پہ بے پناہ معصومیت تھی.

اچانک ڈھول کی آواز آنے لگ گئی بارات ہال میں داخل ہوئی تو سب نے پھول پھینکے

آپ اندھی ہیں کیا میڈیم ہاہاہا" ولائے نے اس کے پھول پھینکنے پر کہا"

مالا کو اس کی بات سے خوف سا آنے لگا کیونکہ وہ ایسی ہی تھی جلدی ڈر جانے اور رو دینے والی اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے وہ پلیٹ پھینکتی وہاں سے بھاگ گئی ولائے شاکڈ سا اسے جاتا دیکھنے لگا شاید اس نے آج تک ایسی معصومیت کہیں نہیں دیکھی تھی.

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

مالا واش روم میں کھڑی رو رہی تھی جب صبا اسے ڈھونڈتی وہاں تک آئی

"ارے یار مالا تم یہاں کیا کر رہی ہو اور رو کیوں رہی ہو؟"

مالا ہچکیوں سے رو رہی تھی

"یار صبا وہ لڑکا مجھے نفرت ہے لڑکوں سے"

" یار تو ابھی تک اس فضول بات پہ رو رہی ہے اتنا تو کچھ نئی کہا اس بچارے نے"

"بس کرو میں بھائی کو بتاؤں گی اس نے مجھے اندھا کہا"

"بس کرو مالا بڑی ہو جاؤ اگلے ویک تو نے کالج جانا ہے اب تہ ہوش کے ناخن لو"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مالا منہ بنائے باہر چلی گئی

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

ولائے رات کے دو بجے ہیٹر کے سامنے بیٹھے علی اور سفیر کے ساتھ مہندی کی تصاویر دیکھ رہا تھا جو آج کے فنکشن پہ سفیر نے اپنے کیمرے میں قید کیں تھیں

سفیر دو منٹ روک یہ کون ہے؟" علی نے مالا کی تصویر دیکھتے کہا"

" یہ مالا ہے رامین بھابھی کی فرسٹ کزن ہے"

"علی نے ولائے کو بلایا جو موبائیل میں گم تھا" ولائے یہ وہی ہے نہ پھول والی

"ولائے نے سرسری سا دیکھ کر کہا اور دوبارہ گم ہو گیا" ہمممممم وہی ہے

"سفیر نے شرارت بھرے انداز میں کہا" کیا چکر ہے یار مجھے وی دسو

"nothing bro" ولائے نے بے نیازی سے جواب دایا

"کیا نا تھنگ ارے سفیر یہ لڑکی ہمارے بھائی کو پسند آ گئی"

علی نے ولائے کو تنگ کرتے کہا

"ایسی بے وقوف لڑکی پسند تو کیا ولائے کی جی ایف بھی نئ ہو سکتی"

ولائے نے مغرورانہ انداز میں کہا

" سفیر نے انٹرسٹنگ انداز میں کہا" ویسے ولائے ہے تو بہت خوبصورت

"خوبصورت ہو گی پر وہ عجیب ہے اور ایسی مخلوق مجھے نہیں پسند"

ولائے نے میسج ٹائپ کرتے جواب دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"علی نے روندی سی صورت بنالی" یار یہ کیا مجھے لگا تھا وہ ہماری نئی بھابھی ہے

"ہاہاہا بھابھی تو مسئلہ کیا ہے خواہش پوری کر دیتا ہوں"

ولائے نے موبائیل میں جھکے ہوئے کہا

ΔΔΔΔΔΔ

مالا سکن کلر کی قمیض پاجاما ساتھ لال رنگ کا دوپٹا کیے وہ بے حد معصوم اور خوبصورت لگ رہی تھی آج مالا نے پھول نہیں اٹھائے تھے اسے اب بھی کل والا واقع یاد تھا وہ سٹیج پہ بیٹھ کے تصویریں بنا رہی تھی جب اس نے ولائے کو اندر آتے دیکھا وہ ڈارک بلیو کلر کی قمیض نیچے چاجاما اوپر واسکٹ پہنے تھا مالا اٹھی اور نیچے اتر گئی اس کا موڈ آف ہو چکا تھا

مالا چپ کھڑی تھی اور صبا اس سے باتیں کرنے میں لگی تھی کہ اچانک مالا کا موبائیل بجا کسی انجان نمبر سے کال تھی

ہیلو کون؟" مالا نے لاپرواہی سے کہا"

جی میں آپ کا عاشق" آگے سے آواز آئی"

مالا گھبرا گئی

".کون ہیں آپ اور یہ کس قسم کہ بے ہودہ بات کی آپ نے "

".ہاہاہا ارے یار تم کیا واقع معصوم ہو یا بنتی ہو لیکن کہنا پڑے گا آج کمال لگ رہی ہو میری پھول ہاہاہاہا"

مالا کو اس کی ہنسی سے کچھ یاد آیا مگر وہ انکار کر رہی تھی کہ ایسا کیسے ہو سکتا وہ یہ حرکت کیوں کرے گا مگر اسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یقین تھا کہ یہ اور کوئی نہیں بلکہ ولائے حیدر رہے مالا غصے میں ولائے کے پاس جا رہی تھی اور صبا بغیر کچھ سمجھے اس کے پیچھے کو لپکی مالا کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے سفیر نے اسے آتا دیکھ ولائے کو اشارہ کیا مالا نے ولائے کے پاس پہنچتے ہی بغیر کچھ پوچھے اس کے منہ پہ تھپڑ مارا حیدر عباس کے بیٹے کے لیے یہ تھپڑ اس کی بے عزتی کے سوا کچھ نہ تھا اس کا دل کیا کہ مالا کو یہیں دفن کر دے مگر سفیر اور علی نے اسے روک لیا صبا مالا کو لے کہ جاؤ یہاں سے پلیز۔" سفیر نے صبا سے التجائیہ انداز میں کہا اور وہ اسے لے گئی ولائے وہاں" سے نکل کر اپنی گاڑی میں بیٹھا اور یہ جا وہ جا

....

.مالا کہاں کھو گئی تم؟" صبا نے اسے جھنجوڑا جو نہ جانے کب سے گم تھی"

.کہیں نہیں تم سناؤ سفیر بھائی کیسے ہیں اور تمہارا بیٹا؟" مالا نے کھوئے ہوئے انداز میں کہا"

واہ یاد آ گیا تجھے کہ شادی ہو گئی میری اور مہارانی آئی بھی نہیں یار مالا میں صرف تمہاری کزن نہیں بلکہ "

"بیسٹ فرینڈ بھی تھی

"یار گلے کرنا بند کرو جانتی تھی نہ تم میرے حالات"

"ہاں جانتی تھی کہ میڈم یوایس ہیں"

گھومنے نہیں گئی تھی وہاں گلا ایسے کر رہی ہو جیسے گھومنے گئی تھی میں" مالا نے چیڑتے ہوئے جواب دیا"

مالا کیسی ہو؟* ولائے کی آواز پر مالا نے چونک کر دیکھا"

"جی اللہ کا شکر آپ سنائیں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں بھی ٹھیک کہاں گم ہو کوئی نظر نہیں آئی"

میں آجکل یو ایس" مالا نے شانے اچکائے اور صبا سے باتیں کرنے میں مصروف ہو گئی اس نے ولائے کو"

ایسے نظر انداز کیا جیسے وہ یہاں موجود ہی نہ ہو

ولائے کے جانے کہ بعد صبا نے مالا سے کہا:

مالا کیا تم ابھی تک نہیں بھولی وہ سب اور معاف نہیں کیا اسے یہاں تک کہ یہ بچارہ سزا بھگت رہا ہے اس"

کی"

"کوئی اور بات کریں اور بات رہی معافی کی تو میں نے اسے کب کا معاف کر دیا"

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

ولائے اپنے کمرے میں بے چینی سے ٹہل رہا تھا مالا کو دیکھنے کے بعد بے چینی اور بڑھ گئی تھی وہ سمجھتا تھا کہ شاید اسے سکون ملے گا مگر وہ غلط تھا یا پھر مالا کہ بے رخی نے ولائے کو بے چین کر دیا تھا وہ بازو میں چہرہ چھپائے رونے لگا

....

ولائے کافی غصے کے عالم میں کاڑی چلا رہا تھا اس کو لگا کہ اس کو مالا نے قتل کیا کیونک آج تک اسے کسی لڑکی نے تھپڑ نہ مارا تھا آج تک لڑکیاں اس کے پیچھے ہی بھاگیں تھیں مگر پہلی بار اس کو اتنی بری طرح ریجکٹ کیا گیا تھا اس نے ٹھان لی کہ اب وہ مالا سے اس بات کا بدلہ ضرور لے گا

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

مالا لائیٹ پنک کلر کی قمیض اور شلوار پہنے اوپر گولڈن رنگ کا دوپٹا اور نیچے کھوسا پہنے وہ بے حد خوبصورت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لگ رہی تھی ولیمے پہ وہ رامین اور زین کے ساتھ سٹیج پہ بیٹھی باتیں کر رہی تھی جب ولائے سٹیج پہ آیا

مالا اسے دیکھ کے غصے سے اٹھنے لگی جب ولائے نے اسے کہا

"میڈم آپ بیٹھیں اور میں دفع ہو جاتا ہوں کہیں پھر منہ اٹھا کر تھپڑ نہ مار دیں آپ"

"آپ اپنی حرکتیں درست کریں میں نہیں ماروں گی"

مالا کہتی اٹھ گئی

مالا کو نے والی ٹیبل پہ چپ چاپ بیٹھی تھی ولائے اس کے پاس آ کے بیٹھ گیا

Mala can we talk if you"

dn't mind"

مالا غصے میں اٹھنے لگی جب ولائے نے کہا

"No we can't"

مالا نے کھڑے ہوتے کہا

"Yarr i love you nahh"

ولائے نے بے باکی سے کہا

مالا کو اس کی یہ بے باکی پسند نہ آئی اور اس نے اسے دوبارہ تھپڑ مارنے کو ہاتھ اٹھایا جو ولائے نے پکڑ لیا

نہ یار ہر بات پہ تھپڑ کال کروں تو تھپڑ اب محبت کا اقرار کروں تو تھپڑ واہ اچھا چلو آزما لو مجھے اگر میں جیتا تو"

"تمہیں مجھ سے شادی کرنی پڑے گی اور ہارا تو کبھی نظر نہیں آوں گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں مجھے نہیں آزمانا آپ اپنے مشورے اپنے پاس رکھیں میں جا رہی ہوں"

مالا کہہ کر اٹھ گئی

"میری جان جو بھی کر لو پاس تو آنا پڑے گا نہیں آو گی تو بدلا کیسے پورا ہو گا میرا"

مالا کو زرمینہ بوا نے آکر اٹھایا∆∆∆∆∆∆∆

"مالا اٹھ جائیں حسن صاحب اور عادل صاحب آپ کا ناشتے پر انتظار کر رہے ہیں"

مالا نے منہ سے رضائی اتاری

"بھائی کب آئے بوا؟ "

ابھی آئے ہیں عادل صاحب

مالا بھاگ کہ اٹھی اور واش روم چلی گئی اگلے پندرہ منٹ بعد وہ نیچے تھی

"بھاااااااااییییییییی آپ آگئے کتنا انتظار کیا میں نے آپ رامین آپی کی شادی پہ بھی نہ پہنچے"

"ارے میری جان گڑیا پتا تو ہے آپ کو کہ کام میں پھنس گیا تھا اور سناؤ کالج کب جانا ہے؟"

"پرسوں سے جانا ہے"

"اچھا گڈ اور آپ میرے ساتھ رامین کے گھر آئیں گی"

"نہیں بھائی مجھے جانا ہے کالج کی بکس وغیرہ لینے میں اور عینہ جائیں گے"

"چلیں ٹھیک ہے جائیں آپ"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

عینہ جناح سوپر میں کھڑی مالا کا انتظار کر رہی تھی جب مالا گاڑی سے نکلی

اس نے کالے رنگ کا فراک نیچے کالے رنگ کے سنیکرز پہنے تھی سر پہ دوپٹا اچھی طرح کیا ہوا تھا ساتھ

کالے ہی رنگ کی سویٹر پہنی تھی اس نے

"یار مالا خدا کا خوف کرو اتنی دیر کر دی تم نے میری کلفی جم گئی ہے"

"معزرت یار دیر ہو گئی بھائی آئے تھے تو باتیں کرتے وقت گزر گیا چلو بکس لیتے ہیں"

مالا یہ کہ کے مڑی ہی تھی کے دو لڑکے ان کے ساتھ چلنے لگے ان میں سے ایک مالا کے آگے آیا اور کہنے لگا

"آپ کا نام کیا ہے؟"

مالا حسن" مگر جواب مالا نے نہیں کسی اور نے دیا تھا مالا اور عینہ نے مڑ کے پیچھے دیکھا"

اس کو دیکھتے ہی مالا کے ہوش گم ہو گئے

"ولائے آپ؟"

"جی میں آپ کا ولائے"

بے ہودہ انسان مالا کو نہ جانے کس بات پہ اس پہ اتنا غصہ تھا

"ہاں جی کسے مسئلہ ہے مالا کے نام کا بتانا پسند فرمائیں گے"

"تو کون ہوتا ہے ہم سے پوچھنے والا یہاں سے بھاگ"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان لڑکوں میں سے اک نے جواب دیا

ارے یار میری بات سنو اگر تم لوگ یہاں سے نہ گئے تو میں جو حشر کروں گا وہ تمہارے وہم و گماں میں" بھی نہ ہو گا اور آج تو ہمت کرلی لیکن اگر آئندہ مجھے تم لوگ مالا کے آس پاس بھی نظر آئے تو آنکھیں نکال "لوں گا اب دفع ہو یہاں سے

ولائے کا غصہ دیکھ کے وہ وہاں سے چلے گئے مگر مالا نے خوف سے رونا شروع کر دیا

مالا یار کیوں رو رہی ہو وہ چلے گئے یہاں سے "عینہ نے سمجھاتے ہوئے کہا"

"اف اک تو اس بے وقوف کے رونے کی" عادت لڑکی تم ولائے حیدر کی جی ایف ہو اور ایسی بزدل کیوں ہو

کون جی ایف؟"مالا ہلکا سا غرآئی"

تم اور کون دیکھو مالا تم جانتی تو ہو نہ کہ محبت کر بیٹھا ہوں تم سے اور ہاں میرے علاوہ تمہیں دیکھنے کا بھی" کوئی حق نہیں رکھتا اور مجھے یہ برداشت بھی نہیں ہو گا اور ہاں اب سیدھا گھر جاؤ یہاں نظر مت آو مجھے سمجھ "آئی

مالا غصے سے گاڑی کی طرف گئی اور گھر روانہ ہو گئی

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

مالا اپنے قد آدم آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے بال سنوار رہی تھی مگر اس کا دھیان کہیں اور تھا یہ وہ نہ جانتی تھی کہ وہ کیوں لگاتار ولائے کے بارے میں سوچ رہی ہے مگر اسے خوشی ہو رہی تھی اس کے بارے میں ایسے سوچ کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ یادوں کے حصار میں تھی کہ اس کا موبائیل بجنا شروع ہوا نمبر انجان تھا مگر وہ شاید واقف تھی

"ہیلو کون"

"اس بار آپ کا عاشق کہنے والی غلطی نہیں کروں گا"

" یہ تو بتائیں کہ نمبر کہاں سے ملا آپ کو میرا"

"جو محبت کرتے ہیں ان کو سب مل جاتا ہے"

"فضول کے ڈائیلاگ مارنا بند کریں گے آپ"

"تم میری محبت کی توہین کر رہی ہو مالا"

"آپ اپنے پاس رکھیں اس محبت کو"

"یار پیار ہو گیا تم سے تو اب کیا کروں تم کیا نہیں کرتی پیار مجھ سے ؟

نہیں میں نہیں کرتی پیار

تو میرے بارے میں سوچ کیوں رہی تھی تم ولائے نے ہوا میں تیر چھوڑا جو شاید نشانے پہ لگا تھا

مالا نے آس پاس دیکھا اور بولی آپ کو کیسے پتا لگا بتائیں؟ مالا نے حیرت سے پوچھا

ہاہاہاہا مطلب میں سہی سوچ رہا تھا تمہیں مجھ سے محبت ہو گئی ہے

مالا اتنی confuse ہو گئی کہ اس نے کال بند کر دی مگر آج اسے ولائے کی بات پر غصہ نہ آیا اور وہ اسی سوچ میں گم ہو گئی کہ وہ لڑکوں سے اتنی نفرت کرتی تھی اور یہ ولائے اس کی باتیں کیوں نہ بری لگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

ولائے نے بند موبائیل کو دیکھا وہ جان چکا تھا کہ مالا کا دل پگھلنا شروع ہو چکا ہے اس کے دل کے کسی گوشے سے آواز آئی کہ وہ بہت معصوم ہے اس کے ساتھ محبت کا یہ کھیل اسے مکمل تباہ کر دے گا

مگر پھر اسے مالا کا تھپڑ یاد آیا

کاش مالا کاش تم مجھے وہ تھپڑ نہ مارتی تو آج تم سے بدلہ نہ لیتا

شاید ولائے کے اپنے دل میں بھی اس کے لیے محبت جاگ رہی تھی مگر ولائے حیدر جیسے پلے بوائے کے لیے یہ تسلیم کرنا مشکل تھا اور ساتھ بدلے کی آگ نے اس کی دل کی آواز دبا دی اور شاید وہ یہ خود بھی نہیں جانتا تھا کہ آنے والا وقت اس کے اپنے ساتھ کیا کھیل کھیلنے والا ہے یہ بدلا صرف مالا کو ہی نہیں بلکہ اسے بھی کس دوراہے پر لا کر کھڑا کرے گا اس سے وہ بھی انجان تھا

ΔΔΔΔΔΔ

ولائے یونی میں سارہ کے ساتھ بیٹھا تھا جب علی اس کے پاس آیا

والی یار کل لاہور آئے گا میرے ساتھ ؟ والائے اٹھ کے علی کے ساتھ چلنے لگا

نہیں یار میں نہیں آسکتا مجھے کل جانا ہے کہیں والائے علی کے ساتھ چلتے ہوئے کہہ رہا تھا

کدھر جانا ہے تم نے بتاؤ ؟

کل تمہاری بھابی کا کالج میں پہلا دن ہے اس سے ملنے جانا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون سی بھابی؟ علی نے حیرت سے پوچھا

مالا اور کون

کیا مالا تم پاگل ہو گئے ہو یار اس مالا کے پیچھے ٹائم مت برباد کرو یار وہ عام لڑکیوں جیسی نہیں ہے

پتا ہے مجھے کہ وہ کیسی ہے اور بات رہی مالا کی تو اس کا تھپڑ ابھی نہیں بھولا میں

افففففف یار تو اس بدلہ لے رہا ہے میری مان یار ایسا مت کر

دیکھ علی تو میرا دوست ہے یا اس کا اور اگر ساتھ نہیں دینا تو چپ رہ بس

علی ولائے کو جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا وہ جانتا تھا کہ وہ نہیں رکے گا اس لیے چپ کر گیا

ΔΔΔΔΔΔΔ .

مالا رات کو اپنے بیگ میں تمام چیزیں ڈال رہی تھی تب اس کا موبائیل بجا سکرین پہ لکھا ہوا آیا

"والائے کالنگ"

مالا نے سوچا کہ اٹھاوں کے نہیں پھر کال اٹھالی

"کون؟"

"اتنی کمزور یاداشت ہے کیا تمہاری؟"

"ہاں جی کمزور ہے آپ جیسوں کو یاد رکھ کہ بھی کیا کرنے"

"میرے جیسوں کو یاد رکھنے کی ضرورت بھی نہیں ہے بس مجھے یاد رکھو"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیوں کس خوشی میں"

"ہماری محبت کی خوشی میں"

"محبت"

"ہاں محبت مالا"

مالا نے فون بند کر دیا شاید اس بات کو تسلیم کرنا مشکل تھا مالا کے لیے لیکن وہ اپنے اندر کی تبدیلیاں محسوس کر چکی تھی مگر اسے اس تبدیلی کا معلوم نہیں تھا مگر یہ محبت تھی تو اسے وقت چاہیے تھا کیونکہ وہ اس دنیا کا واحد شخص تھا جسے مالا کو محبت ہو گئی تھی.

....

وہ جو میں کہ نہیں سکتا اسے میں فرض کرتا ہوں

چلو میں فرض کرتا ہوں مجھے تم سے محبت ہے

ولائے اللہ کرے تمہیں کسی سے محبت ہو جائے اور تمہاری محبت تمہیں کبھی نہ ملے یہ میری بدعا ہے

ولائے کے کانوں میں بار بار یہ آواز گونج رہی تھی

ولائے اللہ کرے تمہیں محبت ہو جائے چپ کر جاؤ مالا چپ

بلکل چپ مت دو بد دعا مجھے چپ کر جاو

ولائے اپنے کمرے میں چلا رہا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چپ کر جاو مالا چپ چپ چپ کر جاو

ولائے کی ماں اس کی چیخیں سن کر ولائے کے کمرے میں داخل ہوئیں

ولائے کیا ہوا کیوں چلا رہے ہو بیٹا

اپنے بیٹے کو زمین پر تڑپتا دیکھ کر ان کی روح تڑپ اٹھی آخر کو ولائے ان کا ایک ہی بیٹا تھا حریم اور ولائے بے حد لاڈلے تھے اسی وجہ سے وہ بگڑ گیا تھا مگر پچھلے چند سالوں سے وہ اس کی اس حالت سے بہت پریشان تھیں

ماما مالا کو کہیں نہ کہ چپ کر جائے وہ مجھے بد دعا دے رہی ہے

ولائے مالا نہیں ہے یہاں

ماما آپ کو آواز کیوں نہیں آ رہی ماما اس کو ڈر لگتا ہے اندھیرے سے اور میں اسے وہیں چھوڑ آیا ماما میں قاتل ہوں مالا کی خوشیوں کا مالا کی فیملی کا ماما

ولائے میرے بیٹے وہ سب اک حادثہ تھا اس بات کو تسلیم کرو ان کی موت میں تمہارا کوئی ہاتھ نہیں ماما ہے ساری غلطی میری ہے صرف میری ماما آپ مالا کو کہیں نہ کہ معاف کر دے مجھے میں اس سے بے حد محبت ہے مجھے رہکرے اس کرب سے ماما وہ

ولائے تم نے اپنی دوائی لی آج نہیں نہ میں جانتی ہوں نہیں کی

وہ اٹھیں اور اپنے بیٹے کو اس کی دوائی دی اور لیٹا دیا تھوڑی ہی دیر لگی تھی اسے سونے میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بلیک کلر کا سوٹ پہنے بے حد خوبصورت لگ رہا تھا جب اس نے مالا کو ہال میں آتا ΔΔΔΔΔΔΔΔ دیکھا اس کی نظریں وہیں پہ رک گئیں وہ مہرون رنگ کی میکسی پہنے ساتھ مہرون رنگ کا کلچ اور مہرون ہی ہائی ہیلز پہنے وہ کوئی پری لگ رہی تھی ولائے اسے دیکھ کر پلکیں جھپکنا بھول گیا

مالا کیسی ہو

مسز حیدر نے مالا کو بلایا ان کو اپنے بیٹے کی محبت کھینچ لائی

میں ٹھیک ہوں آنٹی آپ کیسی ہیں

بیٹا تم سے کچھ بات کرنی تھی بہت ضروری

جی بولیں.....

مسز حیدر نے مالا کو بلایا ان کو اپنے بیٹے کی محبت کھینچ لائی

میں ٹھیک ہوں آنٹی آپ کیسی ہیں

بیٹا تم سے کچھ بات کرنی تھی بہت ضروری

جی بولیں

میں آج اک ماں تم سے یہ ریکوائسٹ کر رہی ہو کہ میرے بیٹے کو معاف کر دو مالا وہ تمہارے لیے پوری پوری رات تڑپتا ہے اس کو اس تڑپ سے رہائی دو بیٹا پلیز

ہمممممم مالا ان سے صرف اتنا ہی کہ سکی اور وہاں سے باہر کی طرف چلی گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مالا کو جاتا دیکھ ولائے اس کے پیچھے گیا

وہ گاڑی میں بیٹھی اور گاڑی چلانی شروع کی مالا نے گھر کے بار گاڑی روکی اور اندر چلی گئی اچانک اس کا دروازہ بجا مالا نے دروازہ کھولا تو چونک اٹھی

ولائے آپ یہاں

ہاں میں مجھے کچھ بات کرنی ہے تم سے

بولو جلدی

ولائے گھر کے اندر داخل ہوا مالا دروازہ بند کر کہ موڑی تو اسے زمین پر گرا ہوا پایا

یہ کیا ہے ولائے

مالا مجھے معاف کر دو میں تم سے معافی مانگتا ہوں مجھے اور سزا مت دو مالا رحم کھاو پلیز رحم کھاو مجھے معافی دے دو لگ گئی تمہاری بد دعا ہو گئی محبت ایسی محبت جس کے لیے صرف تڑپ ہی رہا ہو مالا مجھے تم سے محبت ہو گئی مالا معاف کر دو مجھے

مالا کو یاد آیا ایک رات وہ بھی تڑپی تھی گڑ گڑائی تھی مگر ولائے نے معاف نہیں کیا اسے اور سزا دی

ٹھیک ہے ولائے مگر اٹھو ابھی اور معاف کیا تمہیں جاو

وہ رو رہی تھی مگر پہلی بار اس نے ولائے کی آنکھوں میں آنسو دیکھے تھے وہ رو رہا تھا بے حد

ولائے حیدر جاو معاف کیا تمہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujhe Tum Se Muhabbat Hai | By Meesha Haider (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مالا تم شادی کر لو مجھ سے

سوچنا بھی مت ایسا یہاں سے جاو معاف کر دیا جاو مالا نے اسے اٹھا کے گھر سے باہر نکال دیا

....

مالا کالج کے باہر کھڑی تھی جب ولائے نے اسکے پاس آ کر گاڑی روکی کب وہ باہر نکلا تو اس کے ہاتھ میں پھل تھے چہرے پہ مسکراہٹ وہ بلیک شرٹ بلیک پینٹ اور بلیک ہی کٹ پہنے آنکھوں پہ کولز سجائے وہ بے حد پیارا لگ رہا تھا

مائی پرنسز کالج کا پہلا دن کیسا گزرہ

آپ یہاں تک بھی پہنچ گئے

یہاں تک کا کیا مطلب جب میں مالا کے دل میں انٹر کر چکا ہوں تو یہ جگہ تو عام سی ہے

دل میں

ہاں دل میں مالا کے دل میں اب صرف ولائے کا راج ہے تم صرف میری ہو مالا ولائے کی مالا

اف کتنی فضول باتیں کرتے ہیں آپ جائیں یہاں سے

اچھا چلا جاتا ہوں پہلے یہ پھول لے لو

وہ مالا کو پھول پکڑاتا واپس ہو گیا

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی آپ سے اک بات کرنی ہے

مالا کنفیوز ڈسی عادل کے کمرے میں داخل ہوئی

ہاں گڑیا بولو

بھائی وہ ولائے کو جانتے ہیں آپ

وہ سفیر اور زین کا کزن؟ عادل نے لیپ ٹاپ سے نظریں ہٹائیں

ہاں بھائی وہی

ہاں جانتا ہوں پر کیوں پوچھ رہیں ہیں آپ بیٹا

بھائی میں نے آج تک آپ سے کچھ نہیں چھپایا آگے بھی نہیں چھپانا چاہتی

کیا آپ اس کو پسند کرتیں ہیں؟

جی بھائی

تو کیا پرابلم ہے وہ اپنے پیرنٹس کو لائے اور ہم منع نہیں کریں گئے

سچی بھائی

یاں اب میری بہن سے آگے تو کچھ نہیں نہ مجھے

تھینکیو بھائی آئی لو یو

لو یو ٹو گڑیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

مالا اعتراف کر چکی تھی کہ وہ ولائے سے کتنی محبت کرتی ہے

اچانک ولائے کی کال آنے لگ گئی مالا نے کال اٹھائی

"مالا"

"جی"

"آئی لو یو"

آپ رو رہے ہیں؟

"نہیں تو"

"آپ کی آواز سے لگ رہا ہے کے آپ رو رہے ہیں"

"Mala will you marry me?"

کیا مطلب؟

"مالا تمہارے بغیر نہیں رہنا چاہتا اور میں جانتا ہوں کہ تم بھی مجھ سے محبت کرتی ہو"

مالا کی آنکھوں میں آنسو آ گئے

"میں نے آپ کے بارے میں بھائی کو بتا دیا"

"کیا بتایا تم کیا تنگ ہو مجھ سے یار صرف محبت کی تھی تم سے اور تم نے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں آپ غلط سمجھ رہے میں نے انہیں بتادیا کہ "اس نے ولائے کی بات کاٹتے ہوئے کہا"

"کہ کیا"

"کہ میں آپ کو پسند کرتی ہوں"

یہ کہ کر مالا نے فون بند کر دیا

ولائے کتنی دیر موبائیل کو بیٹھا دیکھتا رہا اس کی آنکھیں واقع برس رہیں تھیں مگر وہ انجان تھا اس کے انجام سے کے اس کے اپنے ساتھ کیا ہونے والا ہے

نہیں ولائے تمہیں نہیں رونا ا بھی تو انتقام شروع ہوا ہے اور اب وقت آگیا ہے اسے سزا دینے کا تو رونے کا جواز ہی نہیں بنتا.

مگر وہ جانتا تھا کے اسے محبت ہو چکی ہے اسی لیے اب وہ وقت کا انتظار کر رہا تھا اس نے اپنے دل کی آواز کو مکمل طور پر دبا دیا

ΔΔΔΔΔ

دو مہینے گزر چکے تھے مالا اور ولائے کو ساتھ عادل بھی جانتا تھا کہ ولائے اور مالا ساتھ خوش ہیں سفیر اور صبا کی منگنی تھی سب تیاریوں میں مصروف تھے مالا سینٹورس مال میں شاپنگ کرنے آئی تھی

مالا کا فون بجا اس بار اس نے اٹھاتے ہوئے نہیں پوچھا کہ وہ کون ہے بس اب وہ پہچانتی تھی اور وہ بھی صرف ولائے کو ہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیسے ہو ولائے

کہاں ہو

سینٹورس ہوں

شاپنگ کر رہی ہو

ہاں

یار ڈارک کلر کا جوڑا لینا اور پلیز یار ہائی ہیلز لینا

ہائی ہیلز ولائے میں گر جاؤں گی

ارے پاگل لڑکی میں ہوں نہ نہیں گرنے دوں گا

ہائی تو کیا میں ذرا سی ہیل بھی نہیں پہنتی مجھ سے نہیں پہنی جاتیں

اچھا نہ لو میری جان پر ڈارک کلر کا ڈریس لینا اچھا نہ

اچھا بائے

ΔΔΔΔΔΔΔ .

اس نے پستہ رنگ کا پاؤں تک آتا فراق پہنا ہوا تھا نیچے پلین جوتے کانو میں ٹاپس پہنے بہت لائیٹ میک اپ کیے ہوئے وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب وہ صبا کو لے کہ باہر آئی تو سب دولہن کو دیکھ رہے تھے سوائے ولائے کے اس کی نظریں مالا سے ہٹنے کا نام ہی نہیں لے رہیں تھیں علی جان چکا تھا کہ اسے مالا سے محبت ہو چکی ہے کیونکہ وہ شاید سب سے زیادہ ولئے کو جانتا تھا اتنا کہ جتنا اور کوئی نہیں وہ ولائے کو لے کر سائیڈ پر گیا

کیا ہوا کوئی مسئلہ ہے ولائے نے حیرت سے پوچھا

مسئلہ ہے کہ نہیں یہ تو تم بتاؤ گے مجھے کیا چل رہا ہے علی نے اسے چڑھانے والے انداز میں کہا

کیا کہ رہے ہو صاف بات کرو

میں مالا کا کہ رہا ہوں ولائے

مالا میری مالا

ہمممم میری مالا بھی ہو گئی علی نے ہنسنا شروع کیا

ہاں نہ

مطلب محبت ہو گئی تمہیں

محبت ہاہاہاہا ہرگز نہیں وہ بھی اس سے

تو اب انکار مت کر

نہیں ہوئی محبت مجھے اس سے

تمہاری آنکھیں بھی جھوٹ بول رہی ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

افففف توبس آج رات کا انتظار کر

آج رات کو کیا ولائے کیا کر رہے ہو

محبت ہاہاہاہا چل اب چلیں

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

مالا بات سنو ولائے نے اسے میسج کیا

"جی بولیں"

"باہر جائیں"

"آج نہیں"

نہیں آج ہی اور یہ فائینل ہے میں سات بجے آوں گا

اچھا

ولائے نے گھڑی پہ ٹائم دیکھا گھڑی پانچ بج کر بتیس منٹ بجا رہی تھی

ایک گھنٹہ اور اٹھائیس منٹ بعد ہماری زندگی بدل جائے گی مالا

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

"مالا باہر آو"

"آئی بس"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مالا لائیٹ پنک کلر کی لانگ شرٹ نیچے ٹراؤزر پہنے ہوئی تھی ولائے کی نظر وہیں رک گئی اس نے جلد ہی خود کو کمپوز کرنا چاہا

لوکنگ بیوٹیفل

تھینکس مالا ہلکا سا مسکرائی

وہ ڈرائیو کرتا ہوا اسلام آباد کی حدود سے باہر نکل آیا

ہر طرف درخت ہی درخت تھے اور ساتھ اندھیرا اسے محسوس ہو رہا تھا کہ مالا کو خوف آرہا ہے

ولائے

ہمممم

شہر میں جاتے ہیں مجھے اندھیرے سے بہت ڈر لگتا ہے

ولائے نے جواب دینے کہ بجائے گاڑی روک دی

مالا باہر آو وہ یہ کہ کر خود گاڑی سے اتر گیا اس کا چہرہ بلکل سپاٹ تھا مگر مالا پھر بھی نہ اتری اس نے غصے سے جا کے کار ڈور کھولا اور اسے کھینچ کے باہر نکالا مالا کا موبائیل بجا اس نے نمبر دیکھا اس کی آنکھیں بھری ہوئیں تھیں اور بھائی کا نمبر دیکھ کہ اور رونا شروع کر دیا وہ اس پہلے کال اٹھاتی ولائے نے اس کا موبائیل اٹھا کے زمین پہ پٹخ دیا مالا شاکڈ سا ولائے کو دیکھا اس نے زارو قطار رونا شروع کر دیا

مالا رونا بند کرو اور ایک آنسو بھی نہیں ولائے چلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جھوٹ بولا ولائے آپ نے مجھ سے

ہاں بولا ہے جھوٹ کیا کر سکتی ہو تم

تم تو محبت کرتے تھے نہ مجھ سے

نہیں صرف نفرت کرتا تھا تم سے مالا نفرت مجھے اب بھی یاد ہے تم نے مجھے سب کے سامنے تھپڑ مارا تھا اب سزا کی باری ہے مالا آج کی رات یہیں گزارو اس اندھیرے میں

ولائے ولائے میں معافی مانگتی ہوں مگر مجھے اکیلا مت چھوڑ کہ جانا میں مر جاؤں گی مجھے اکیلے ڈر لگتا ہے پلیز ولائے

وہ اس کے قدموں میں بیٹھے گڑ گڑا رہی تھی منتیں کر رہی تھی مگر ولائے نے اسے معاف نہ کیا وہ غصے سے چلتا ہوا گاڑی میں بیٹھا اور چلانی شروع کر دی وہ جلد ہی اس کی دسترس سے دور ہو چکا تھا مالا رونے لگی اس کے آنسو رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے روتے روتے اس کی آنکھو کے آگے اندھیرا چھا گیا

ΔΔΔΔΔΔ

علی اپنے بستر میں گھسا تھا جب اس کا موبائیل بجا

ہیلو

علی میں اسے چھوڑ آیا اسے اسلا آباد کے باہر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ صرف اتنا ہی کہہ پایا تھا اور کال بند ہو گئی علی کو ایسا لگا کہ اس کے اوپر چھت گر گئی ہو وہ اٹھا اور جیکٹ پہنی

اس کا موبائیل پھر بجنا شروع ہوا

سفیر کالنگ

ہاں سفیر

کہاں ہو تم

گھر ہوں کیا ہوا

ولائے کہاں ہے

پتہ نہیں کہاں ہے

ایسا کیسے ہو سکتا کہ تمہیں نہ پتا ہو کہ وہ کہاں ہے

یار سچ کہہ رہا ہوں تیری منگنی کے بعد جب سے گھر آیا نہیں ملا اسے پر ہوا کیا ہے بتاؤ تو

یار ملا غائب ہے اور ولائے کا فون بند ہے اور اس عادل کہہ رہا ہے اسے ولائے لے کر گیا تھا گھر سے اور اب

غائب ہے اور عادل ولائے پہ کیس کرنے کا کہہ رہا ہے

میں لے کہ آتا ہوں اسے

تمہیں پتا ہے وہ کہاں ہے

ابھی پہلے کال تو بند کر یار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ΔΔΔΔΔΔΔΔΔ

علی مالا کو ڈھونڈ رہا تھا کہ اچانک اسے راستہ پر وہ بے ہوش نظر آئی وہ گاڑی سے اترا اور اسے سیدھا اسے ہوسپٹل لے گیا

علی نے سفیر کو کال ملائی

ہیلو علی پتا لگا مالا کا

اسے میں قائد اعظم لے کر آیا ہوں وہ بے ہوش ہے عادل کو بولو کہ پہنچ جائے

اچھا کہتا ہوں

علی نے مالا کی زندگی کی دعا کی اور دل ہی دل میں خود کو بھی اس کا مجرم قرار دیا

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

ولائے سڑک پہ بے مقصد گاڑی چلا رہا تھا آنکھوں میں آنسو تھے دل بہت تکلیف میں تھا اس کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تھا مگر اب دیر ہو چکی تھی وہ اسے کھو چکا تھا اس نے اپنی گاڑی روکی اور سڑک کے کنارے کھڑے ہو کر سگریٹ جلائی اور موبائیل آن کیا علی کو کال ملائی

ہیلو علی وہ کیسی ہے

ولائے غضب ہو گیا یار عادل اور انکل حسن کا انتقال ہو گیا ایکسڈینٹ میں

کیا اور مالا وہ کیسی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے ہوش نہیں آیا ولائے یہ کیا کر دیا یار اس کی پوری زندگی تباہ کر دی

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

سر میڈیم کو ہوش آگیا ہے نرس نے آکر علی کو خبر دی

علی نے اللہ کا شکر ادا کیا اور روم میں آیا

مالا کیسی ہیں آپ

علی کی آواز سن کر اس نے آنکھیں کھولیں

ٹھیک ہوں آپ یہاں کیا کر رہے ہیں بھائی کہاں ہیں

آپ آرام کریں میں ڈاکٹر سے آپ کا ڈسچارج کا پوچھ کے آتا ہوں علی وہاں سے چلا گیا

جب سے وہ ہوسپٹل سے نکلے تھے علی خاموش تھا کیونکہ اس کے پاس کوئی جواب نہ تھا مالا کو دینے کو مگر

اسے بتانا تو تھا کہ عادل اور اس کے بابا مر چکے ہیں

علی کیا سب مجھ سے ناراض ہیں بابا اور بھائی

نہیں تو

پھر وہ کیوں نہیں آئے

علی نے گاڑی سائیڈ پہ روکی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مالا وہ دراصل بات یہ ہے کہ کل رات جب آپ کو میں یہاں لایا تو میں نے کال کر دی تھی سفیر کو اور وہ آ بھی رہے تھے پر اللہ کو یہی منظور رہا مالا کہ راستہ میں ان کا ایکسڈنٹ ہوا اور وہ اب نہیں رہے نہ انکل اور نہ عادل

مالا پہ یہ بات قیامت کی طرح نازل ہوئی وہ اسے گھر لے گیا اس کے گھر میں قیامت برپاہ ہو چکی تھی

مالا نے ایک رات میں اپنی ساری خوشیاں کھو دیں اپنی محبت اپنے بابا اپنا بھائی سب کھو دیا سب کچھ

اس کے بھائی اور بابا کی تدفین ہو چکی تھی وہ کمرے میں خاموش بیٹھی تھی جب بوا کمرے میں آئی

مالا اٹھو دیکھو کون آیا ہے

مالا نے آنسوں سے بھگویا چہرہ اٹھایا اور دوڑتی ہوئی عالیہ کے گلے لگ گئ

آنی بابا اور بھائی چلے گے آنی چلے گئ

میرا بیٹا صبر کرو اللہ کو یہی منظور تھا تم اپنے سارے ڈاکیو منٹس نکال کے دو ہم یو ایس جا رہے ہیں

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

علی بکس کھول کے پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا جب اس کا موبائیل بجا

مالا کالنگ

افففف اسے اب کیا ہوا

ہیلو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ولائے کہاں ہے

کیوں کیا ہوا

میں کل یو ایس جا رہی ہوں مجھے آخری بار ملنا ہے ولائے سے اسے کہو کہ وہیں آئے جہاں چھوڑا تھا اس نے مجھے

یہ کہ کر مالا نے کال بند کر دی

افف ان دونوں نے مجھے الو بنا دیا ہے علی نے خود کلامی کی اور ولائے کو کال ملائی

ولائے وہ تجھ سے ملنا چاہتی ہے وہیں جہاں تو اسے چھوڑ کہ گیا تھا ابھی پہنچو

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

وہ وہاں خاموش کھڑی تھی جب اس کی گاڑی رکی مالا نے موڑ کے دیکھا وہ بہت رف سے حلیے میں تھا

آو ولائے آو

وہ شرمندہ تھا وہ یہ کہنا چاہتا تھا اس سے پہلے وہ بولتا مالا نے ایک اور تھپڑ اس کے منہ پہ مارا وہ شاکڈ سا اسے دیکھنے لگا

اب بھی لو گے بدلا مالا چلائی

ولائے میرا سب کچھ ختم ہو گیا تمہاری وجہ سے تم قاتل ہو میرے بابا اور بھائی کہ قاتل ہو تم وہ رو رہی تھی اور ساتھ چلا رہی تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mujhe Tum Se Muhabbat Hai | By Meesha Haider (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے نہیں مارا میں تو خود ان کی موت کا سن کے حیران تھا

اچھا تو نہیں ہو تم قاتل کیا نہ تم مجھے چھوڑ کے جاتے نہ بھائی اور بابا ہو سپٹل آتے اور نہ وہ مرتے تم ایک قاتل ہو ولائے ایک قاتل

مالا میری بات سنو ولائے نے اسے پکڑنے کی کوشش کی کیونکہ اس نے پہلی بار دیکھا تھا مالا کو اس طرح

ولائے مجھے ہاتھ مت لگاؤ دور رہو مجھ سے

مالا بات تو سنو نہ میری

ولائے حیدر اللہ کرے تمیں کسی سے سچی محبت ہو اور وہ تمہیں کبھی نہ ملے تم تڑپ تڑپ کے مر جاو مگر وہ تمہاری دسترس سے بہت دور ہو یہ میری بد دعا ہے تمہیں اللہ کرے تمہارا یقین بھی ٹوٹے وہ روتی ہوئی وہاں سے چلی گئی ولائے اس کی باتوں میں وہیں کہیں گم ہو گیا خاموش مگر تکلیف میں

کالی راتوں کو بھی رنگین کہا تھا میں نے

. تیری ہر بات پہ آمین کہا تھا میں نے

....

مالا کمرے میں بیٹھ کے رو رہی تھی کہ اچانک اسے عالیہ کی کال آئی

مالا میرا بچہ وہاں ٹھیک تو ہے نا

آنی مجھے شادی کرنی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا یہ اچانک کیسے خیال آ گیا تمہیں چلو آچھا خیال آیا پر وہ ہے کون

ولائے آنی

کیا تم پاگل ہو گئی ہو ایک بار پھر وہی کہانی دہرانہ چاہتی ہو اس بار تمہیں نہیں کھونا چاہتی

آنی پلیز

مالا پہلے ہل اس لڑکے کی وجہ سے سب کھو چکے ہیں تم اسے اک اور موقع دے رہی ہو

جی آنی ایک اور موقع مگر اس موقع کے بعد میں بہت سکون میں رہوں گی

اچھا ٹھیک ہے منظور ہے اسے کہو رشتہ بھیجے

ہمممم اچھا

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

ولائے گھر سے نکلنے لگا جب فون بجا کسی انجان نمبر سے کال تھی اس نے کال اٹھائی

ہیلو

مجھے منظور ہے شادی تم سے ولائے آنی سے بات کر لو وہ اتنا کہ کر فون بند کر دیا وہ وہیں رک گیا اسی طرح

کان کے ساتھ فون لگائے ہی خبر ایسی تھی جیسے کسی نے اس کے جسم میں صور پھونک دی ہو

دونوں طرف شادی کی تیاریاں عروج پر تھیں ولائے خوش تھا کافی عرصے بعد سب نے نوٹ کیا آج نکاح

تھا اس کہ اور پر سو مہندی پھر بارات اور ولیمہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نکاح ہو چکا تھا آج وہ واقع مطمئن تھا کہ اب مالا اس کی ہو چکی وہ اس رات بہت مطمئن سویا مگر آج کی رات مالا نہیں سو پائی وہ تکلیف میں تھی بے حد تکلیف میں

مہندی پہ اس نے اورنج اور بلیو رنگ کا لہنگا پہنا تھا وہ کوئی شہزادی لگ رہی تھی اسے دیکھ کہ بس دیکھنے کا دل کرتا تھا آج پہلی بار ولائے نے اسے پوری حق سے دیکھا کیونکہ وہ اس کی محرم تھی

مالا آج جب سے گھر آئی تھی وضو کر کے جائے نماز پہ بیٹھی تھی رو رو کر بلک بلک کر اپنے رب سے دعائیں مانگ رہی تھی مالا کی کب آنکھ لگی اسے خود نہ سمجھ آئی

آنی نے اسے فجر کے وقت اٹھایا مالا ایسے جائے نماز پہ کیوں لیٹی یہ تمہارا ہی فیصلہ تھا اب کیا ہوا

آنی آج ماما بابا اور بھائی بہت یاد آرہے ہیں کیا کروں آنی آپ سے اک بات کہوں

ہاں میرا بچہ بولو نہ

آنی اگر مجھ سے کوئی گناہ ہو جائے تو مجھے معاف کر دیجیے گا

ایسے کیسے گناہ ہو گا بولو میری بیٹی بہت معصوم ہے گناہ نہیں کرے گی

آنی پھر بھی معاف کر دیجیے گا

اچھا ٹھیک ہے اب فضول مت بولا اور نماز پڑھ لو میں ناشتہ بنواتی ہوں تمہارا پھر پارلر بھی جانا ہے

مالا نے نماز پڑھ کہ دعا میں ہاتھ اٹھائے اس سے کچھ بولا نہ گیا مانگا نہ گیا کیوں کہ وہ جانتی تھی کہ آج وہ اک گناہ کرنے جا رہی ہے ایسا گناہ جس کی کوئی معافی نہیں کوئی چھوٹ نہیں کوئی بخشش نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

دراصل کبھی کبھی ہم اتنے تھک جاتے ہیں کہ راستہ نظر آنا بند ہو جاتا ہے پھر رہائی چاہیے ہوتی ہے مگر افسوس وہ بھی میسر نہیں ہوتی یا پھر کبھی کبھار ہم خود اتنی تکلیف سے گزرتے ہیں کہ ہم چاہتے ہیں کہ وہ بھی وہی تکلیف محسوس کرے جو اس کا ذمہ دار ہے مالا بھی کچھ ایسا ہی چاہتی تھی اب شاید وہ اب سوچ چکی تھی کہ آخر اسے اب کرنا کیا ہے

ΔΔΔΔΔΔΔΔ .

اس نے آئینے میں اپنا عکس دیکھا سرخ لہنگے میں آج وہ کوئی عام نہیں لگ رہی تھی اس وقت وہ صبح کی نسبت اچھی خاصی مطمئن لگ رہی تھی اس وقت وہ ولائے کی دلہن بنے بیٹھی تھی مگر اسے انتظار تھا اس وقت کا جب ولائے اس کے سامنے ہو گا کیونکہ آج اسے بہت کچھ کہنا تھا

ولائے سٹیج پہ بیٹھ چکا تھا سب کو دلہن کا انتظار تھا اور سب سے بڑھ کر اس کو جسکے دل کی دھڑکن تھی مالا

اس نے سامنے سے اسے آتے دیکھا جو کوئی حور لگ رہی تھی نفاست کے ساتھ چلتی ہوئی وہ سٹیج پہ ولائے کے ساتھ بیٹھی کیمرے میں تصویروں سے سب ان مناظر کو قید کر رہے تھے دعا ہوئی اور دلہن کی رخصتی ہوئی

ΔΔΔΔΔΔΔΔ

وہ ولائے کہ کمرہ میں بیٹھے انتظار کر رہی تھی وہ آیا تو اس کی آنکھوں کے سامنے تمام واقعات چلنے لگے وہ اندھیری رات اس کے باپ بھائی کی لاش اس کا انتظار پھر نکاح نامہ جہاں آ کے اس کے تمام تر خیالات اک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خوف میں بدل گئے وہ اس وقت اس کا شوہر تھا جسے کوئی نہیں جھٹلا سکتا تھا مگر اس کی نظر میں وہ اک قاتل بھی تو تھا اس کا شوہر اک قاتل وہ اس کے پاس آ کے بیٹھا

مجھے کچھ کہنا ہے ولائے

ہاں بولو

میں تمہیں معاف نہیں کر پائی

آج پہلی بار مالا نے اسے تم کہ کر پکارا تھا

اور تمہاری سزا یہ ہے کہ تم پوری زندگی اپنی محبت نہیں پا سکو گے

اس کی سانس پھول رہی تھی

مالا کیا ہو رہا ہے تمہیں تم ٹھیک نہیں لگ رہی

وہ اٹھنے لگا مالا نے اسے پکڑ لیا

میں اکثر سوچتی تھی کہ محبت کبھی نہیں بدلتی یہ ایک جیسی رہتی ہے مگر تمہارے جانے کے بعد اس بات پہ یقین آ گیا کہ محبت اگر نفرت میں بدل جائے تو وہ محبت سے کئی گناہ زیادہ طاقتور ہوتی ہے

مالا تمہیں کیا ہو رہا ہے پلیز بتاو

مالا کو کھانسی آنے لگی اس نے منہ کے آگے ہاتھ رکھ لیا جب ہاتھ ہٹایا تو اس کے منہ سے خون نکل رہا تھا

ولائے اسے دیکھ کے ڈر گیا اور چلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مالا خون ماماماما پلیز آئیں ماما

مالا گرنے کی حالت میں تھی اور وہ بیڈ پر گر سی گئی ولائے نے اسے تھام لیا

ولائے اللہ حافظ

مالا نہیں تم ایسے نہیں جا سکتی مجھے چھوڑ کے مالا

مالا کی سانسیں بند ہو رہیں تھی اس کی نبض بھی مدھم ہو گئی بہت مدھم ولائے بلکل شاک میں تھا کیسے خوشیاں اس کی زندگی میں آ کے اک ہی لمحے میں ختم ہو گئیں اس آنکھئیں برس رہیں تھیں وہ اپنے ہاتھوں میں اپنی محبت کو مرنے دے رہا تھا اس کی کہانی آج ختم ہو چکی تھی بس مالا نے اپنی بند ہوتی آنکھوں میں اس نے اک بار تمام یادوں کو لا یا اور وہ صرف پکار پائی ولائے مگر وہ اتنا آہستہ تھا کہ کوئی اور ہوتا تو نہ سمجھتا مگر وہ ولائے تھا اسے محبت تھی اور اب محبت عشق میں بدل چکی تھی وہ عشق کرتا تھا اس سے اور عاشق تو دیوانے ہو جاتے ہیں وہ بھی دیوانہ ہو چکا تھا

دور سے کہیں دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز آئی مگر اس کی سماعت پر صرف اک راج تھا وہ تھی مالا کی آواز جو اب بے حس و حرکت اس کے ہاتھوں میں پڑی تھی اس کی سانسیں بند ہو چکی تھی نبض بھی روک چکی تھی ولائے کی مالا مر چکی تھی

ولائے نے اٹھ کے دروازہ کھولا اس کی ماں روتی ہوئی اپنے بیٹے سے جا لگی

کیا ہوا ولائے بولو نہ کیا ہوا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ولائے نے ہنسنا شروع کیا اونچا اور اونچا

ماماالا چلی گئی ماماہاہاہاہاہاہا

مر گئی ماماوہ ہاہاہاہا

ولائے یہ کیا کہہ رہے ہو بولو اس کی ماں دوڑتی ہو مالا کی لاش تک آئی ولائے علی سے جا مال

مالا مر گئی علی میری مالا وہ علی کے پاس جا کے رونے لگا کیونکہ وہ اس کا ساتھی تھا اور وہ سمجھ سکتا تھا آج کیسے وہ اس کی زندگی میں آ کے یوں چلی گئی

اک اور کہانی ختم ہو گئی اک اور محبت نفرت کی بھید چڑھ گئی مالا مر گئی ولائے کی مالا مر گئی

ارے لوگو لینے تو دو

کیا پتہ سانس آخری ہو

ہم انسان کسی کی غلطی معاف نہیں کر پاتے ہم صرف دوسروں کو مطمئن کر دیتے ہیں کہ ہم نے معاف کر دیا مگر ہم اس بات کو قبول ہی نہیں کر پاتے اور ساری زندگی وہی باتیں سوچنے میں گزر جاتی ہے ہمارا دل کرتا ہے کہ ان سے گلہ کریں مگر ہم ناکام ہو جاتے ہیں گلا کرنے میں تو پھر انجام مالا جیسا ہوتا ہے لوگ تھک کر حرام موت مر جاتے ہیں کیونکہ زندگی بہت دکھ دی چکی ہوتی ہے تو ہم اور کچھ کہنے کے قابل نہیں رہتے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آخر میں بس اتنا ہی کہوں گی کہ کبھی بھی اپنے نفس کی خاطر اکسی کا دل مت توڑیں تاکہ بعد میں ایسی غلطی نہ ہو کی اس کی تلافی ہی نہ ہو سکے اور اس پھر پوری زندگی اس پچتاوے کے ساتھ گزارنی پڑے...

ختم شد...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel